# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 25 August 2026**
**Time : 12:30 PM**

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عارف حسین

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے نوجوان ڈپلومیٹس پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے اپنے تعیناتی کے مما لک میں نچلی سطح پر عوامی رابطے کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ وہاں کے مقامی طبقوں کے ساتھ بھارت کے رشتوں کو استوار کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں۔ سیوا تیرتھ نئی دلی میں انڈین **Foreign** سروس کے **2025** بیچ کے آفیسر ٹرینیز کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے ان افسروں سے تلقین کی وہ روایتی سفارتی حدود کو وسعت دیکر لوگوں کے ساتھ بہتر تال میل بنائیں۔

امت شاہ

وزیرداخلہ امت شاہ نے تمام ایجنسیوں کو ہدایات دیں ہے کہ وہ دراندازی کے خلاف سخت اقدامات کریں۔ نئی دلی میں **9** ویں نیشنل سیکورٹی سٹریٹجیز کانفرنس **2026** کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ہدایات دیں کہ مختلف قومی سلامتی چلینجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے ایس او پیز وجود میں لانے کی خاطر ملٹی ایجنسی سینٹر پلیٹ فارم پر جانکاری کی مصنوعی ذہانت پر مبنی **Analysis** کی جانی چاہیئے۔ وزیرداخلہ نے دہشت پسندی اور انتہاپسندی کا موثر طریقے پر مقابلہ کرنے کیلئے وزارت داخلہ کی پریہار نامی اسکیم کی موثر عمل آوری کیلئے تربیت دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ کانفرنس کے پہلے دن قومی سلامتی سے متعلق اہم معاملات پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔

یو پی آئی

ملک میں یونیفائیڈ پیمنٹس انٹرفیس **UPI** کے دس برس مکمل ہو گئے ہیں اور اس نے ملک کے ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل کی ہے۔ یو پی آئی بھارت میں **25** اگست **2016** کو شروع کیا گیا۔

آکاشوانی کے نمائندے نے وزارت خزانہ کے حوالے سے خبر دی ہے کہ اس نظام کی بدولت ٹرانزیکشنز کی تعداد سال **2025.26** میں **24** ہزار **162** کروڑ تک پہنچ گئی جو سال **2016.17** میں ایک کروڑ **78** لاکھ تھی۔ وزارت نے مزید کہا ہے کہ یو پی آئی اب عالمی سطح کے پلیٹ فارم کے طور پر بھی ابھر رہا ہے اور یہ اس وقت **11** ممالک میں چلایا جا رہا ہے۔

ایل جی راکھی

لوک بھون جموں و کشمیر میں ڈی پی ایس بارہمولہ کے طلباء کیلئے خصوصی رکشابندھن تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر طلباء نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کو راکھی باندھی اور مبارکباد پیش کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے طلباء پر زور دیا کہ وہ رکشابندھن کے حقیقی جذبے کو آگے بڑھاتے ہوئے امن، محبت، اتحاد اور ہم آہنگی کا پیغام عام کریں۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر شہر میں آوارہ کتوں کے مسئلے سے نمٹنے کیلئے ایک منظم لائحہ عمل اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے سرینگر میونسپل کارپوریشن اور دیگر متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس ضمن میں بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر کام کریں۔ سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ جموں صوبے کی طرز پر کشمیر صوبے میں بھی اس مسئلے سے نمٹنے کیلئے **Sterlization** کو موثر طریقے پر بروئے کار لایا جانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس حوالے سے تمام تر تعاون دینے کیلئے تیار ہے۔ اسی دوران وزیر اعلیٰ نے سرینگر میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کے اس دورے میں بجلی فیس میں تھوڑا اضافہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

عید میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید کل پورے مذہبی جوش وخروش اور تزک واحتشام کے ساتھ منائی جارہی ہے۔اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرتبل میں منعقد ہورہی ہے، جہاں آج رات بھر عقیدت مند شب بیداری کی مجلس میں محو رہیں گے اور اسکے بعد کل وہاں نماز پنجگانہ کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جائے گی۔اسی طرح کی تقریبات وادی کی دیگر خانقاہوں، مساجد اور بقعہ جات میں بھی منعقد ہورہی ہیں۔انتظامیہ نے زائرین کی سہولیت کے لئے تمام انتظامات مکمل کئے ہیں۔ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کل درگاہ حضرتبل میں انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسروں سے کہا کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کرکے اس بات کو یقینی بنائیں کہ لوگوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ڈی سی بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ ڈاکٹر سید فخر الدین حامد نے مختلف افسران کے ہمراہ حضرت سید جانباز ولیؒ اور درگاہِ عالیہ شیرے خاص کا دورہ کرکے عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے صفائی ستھرائی، پینے کے پانی، بجلی، اسٹریٹ لائٹس اور سڑکوں کی سہولیات کا معائنہ کیا۔

ڈی سی نے متعلقہ محکموں کو تمام ضروری انتظامات بروقت مکمل کرنے اور زائرین کے لیے محفوظ، صاف ستھرائی اور آرام دہ ماحول یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

دھوکہ دہی

کرائم برانچ جموں وکشمیر کے اکنامک آفینسز ونگ نے دھوکہ دہی کے ایک معاملے میں نیو کالونی حضرتبل اننت ناگ کے آفاق احمد ٹھگ نامی شخص کے خلاف سب جج سرینگر کی عدالت میں چارج شیٹ داخل کی ہے۔

مذکورہ ملزم نے کینسر میں مبتلا ایک خاتون کو سستے دام پر ادویات فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا، جس کے عوض ملزم نے مذکورہ خاتون سے لاکھوں روپے حاصل کئے تاہم ادویات فراہم نہیں کیں۔

شجر کاری

جموں ضلع کے **815** تعلیمی اداروں میں کل پالنا شجر کاری مہم کے تحت **60** ہزار پودوں کی شجر کاری کی گئی۔ڈپٹی کمشنر جموں ڈاکٹر راکیش منہاس نے اس موقعے پر کہا کہ ہر ایک پودے پر **2** نام چسپاں رہیں گے جس میں اس پودے کا اصل نام اور جس بچے نے یہ پودا لگایا اس کا نام شامل ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہر مہینے ان پودوں کی **Survival** سے متعلق جانکاری مشتہر کی جائے گی۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران آثار شریف پیٹھ مکھاما بڈگام اور کھوصاحب یاروَن شادی مرگ پلوامہ کو ترقی دینے اور کی تجدید نو سے متعلق منصوبوں کا جائزہ لیا۔
انہوں نے دونوں مذہبی اور ثقافتی مقامات کو ترقی دینے سے متعلق منصوبوں وقت پر مکمل کرنے کیلئے بین محکمہ جاتی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ